بسم اللہ الرحمن الرحیم

حالتِ حیض میں قرآن مجید پڑھنے کی ممانعت پر احادیث سے دلائل

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

مخصوص ایام میں عورتیں قرآن پاک نہیں پڑھ سکتیں، اس پر کوئی حدیث بتادیں۔

جواب

اس حوالے سے چند احادیث مندرجہ ذیل ہیں:

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”لا تقرأ الحائض، ولا الجنب شیئا من القرآن“ ترجمہ: حیض والی اور جنبی قرآن میں سے کچھ بھی نہ پڑھے۔ (سنن الترمذی، صفحہ 65، دار ابن کثیر، دمشق)

حضرت جابر رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "لا یقرأ الحائض ولا الجنب ولا النفساء القرآن" ترجمہ: حیض والی، جنبی، اور نفاس والی، قرآن نہ پڑھیں۔ (سنن دار قطنی، جلد 1، صفحہ 218، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت)

مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: ”لا تقرأ الحائض القرآن“ ترجمہ: حیض والی عورت قرآن نہ پڑھے۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، جلد 1، صفحہ 126، مطبوعہ: ملتان)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد آصف عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5063

تاریخ اجراء: 17 ذوالحجۃ الحرام 1447ھ/03 جون 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net